اور اتصال ہے بس مطلب اوسکا دیر کو ہوگا ساتہہ دشواری کے اور ہوشیار رہکے

اگر بیچ طالع کے عشر درجہ ہے اور مشتری بیچ طالع کے جاگزین ہے پس جو مطلب سائل ہے بہ آسانی حاصل ہوگا اگر صاحب یازدہم کا بیچ خانہ نہم یا سیوم یا پنجم یا بیچ طالع کے مقیم ہوں یا ناظر ہوں اور قوی اور سعد اونکا بیچان پس محبت ہمدیگر بہت ہے و اگر قمر درمیان اوسکے ہے تو باہم مودت یکدلی پاک ہے و اگر زہرہ و بہرام ہے بیگمان وہ مباشرت کرتے ہین اگر نحسین کا اتصال ہے درمیان اونکی دشمنی کمال ہے اگر نظر موافقت کی ہے یا مخالفت کی تو گاہ محبت اور گاہ مخالفت فقط

فصل چہارم بیچ بیان حال عدو و فتحیابی وغیرہ خانہ دوازدہم خبر دیتا ہے حال عدو سے اگر سوال سائل یہہ ہے کہ اوپر عدو کے ظفر میری ہوگی یا نہین اگر صاحب ہفتمین اور کوکب اوسکا اور صاحب برج اور قمر بیچ طالع کے ہے تو سائل کی فتح ہے حکم دیگر جو کوکب طالع مین ہون تو دشمن کی فتح ہے جو کوکب یازدہم یا بہرام بیچ قوس کے آرام گزین ہون پس دلیل تازیانہ کہانے کی ہے اگر مقام بہرام مین زحل ہے تو ضربت چوب کی ہے بے خلل فقط باب چہارم مین دوازدہ احکام جسمین آٹھہ فصلین ہین فصل اول مین احکام آفتاب دوازدہ خانہ فقط

حکم خانہ اول جس کسی کے طالع مین خورشید ہو وہ دائما حریص زبان ہوگا اور صاحب الفت و عقل اور عمر اوسکی طویل ہوگی حکم خانہ دوم اگر خورشید بیچ طالع دوم کے ہے تو زردار اور سخی ہے اگر سیوم مین ہے وہ مقرب سلطان ہو ہم عقیل اور شجاع اور چہارم مین ہے تو گذرے دائما درد و الم اگر بیچ بیت پنجم کے ہے تو زراعت مین نفع اوٹھاوے اور اولاد سے متفکر و لاولد ہو

اگر ششم خانہ میں ہے پہلوان اور قوت الجسم اور طویل العمر ہو اگر ہفتم خانہ میں ہے خطر جاب
حاکم سے رہے اگر خانہ ہشتم میں ہے تو مفلس شمار کر اگر نہم میں ہے تو خطر در چشم
اور آتشک سے ہے مگر صاحب اولاد وارجمند ہو اگر دہم میں ہے سرور افواج اور بزرگ و سخا
ہو اور اگر یازدہم میں ہے صاحب اولاد اور مالدار جان اور اگر دوازدہم میں ہے عاشق
اور مبتلائے غم ہے فقط **فصل دویم بیچ بیان احکام قمر دوازدہ خانہ** فقط
**حکم خانہ اول** اگر بیچ طالع کے قمر روشن ہے صاحب اقبال اور دولتمند ہے
لیکن بیمار اور پر الم و بلغمی مزاج و درد چشم رہے اگر بیچ خانہ دوم کے یا ہے صاحب
اولاد اور مالدار ہو اور غنی اور حسین و قبیلہ پرور اگر سیوم میں ہے دوستدار اور برادران
بسیار اور چہارم میں درازی عمر و صاحب مال اور پنجم میں ہوشمند اور فیاض
اور پرہیزگار صاحب نصرت و فتحمند اور ششم میں صاحب علم و حلیم لیکن کم اشتہا
اور مرض بلغمی و خونی اور متفکر مزاج پر درد و الم اگر ہفتم میں ہے خوبصورت عیاش
اور چالاک طبع اور عمر دراز اگر ہشتم میں ہے مدام پر خطر و خوردسی دور جو نہم میں ہے
مشاغل خدمت بزرگان و صاحب اولاد و نامور جو دہم میں ہے صاحب نصرت
وجاہ جو یازدہم میں ہے تمام عمر عیش و عشرت میں گذرے اور مزاج بلغمی ہو و اگر
بیچ دوازدہم کے ہے مثل قمر کے گھٹا و بڑھا جان گاہ خوش و گاہ بیمار فقط
**فصل سیوم میں بیان احکام مریخ دوازدہ خانہ** اگر بہرام بیچ خانہ اول کے
ہے خوش مزاج و شجاع جان اور لاغر و مریض ہمیشہ شوق شکار اور حیا میں
کثیر العیال اور بیچ دل کے محبت اطفال کی اگر بہرام خانہ دوم میں ہے تنگ دل
اور تندخو و افروختہ مزاج اگر سیوم خانہ میں ہے دشمنی با برادران و اہل ظفر

جو چہارم مین جلوہ گر ہے تو خلق سے دور تر رہیگا اور راز دل سے نکھیگا خود پسندی کریگا
اگر پنجشم مین ہے جنگ جوے و کم سخن جو ششم مین ہے متمتع دولت سلطان سے
اور درازی عمر اور اوسپر دشمن کے ظفر اور جو ہفتم خانہ مین ہو تو معاش میانہ اور
زن اوسکی دایم المرض اگر ہشتم مین ہے معاش کم اور بیماری مدام اور اوسپر عہد کے و فتحیاب ہو
اگر نہم مین ہے بے خطر متمتع قربت شاہ سے اور ساہوت غریب کی رحم و سلوک
جو دہم مین ہے متوکل جہانبینے ہے اور صاحب اولاد و دلاور جو یازدہم مین تیغ زن ہے
مرد عیاش و طویل العمر و ہوشیار اور پر سخا و دیانت دار اور دشمن خود بخود مقہور ہو اگر
دوازدہم مین ہے جلاد فلک ہے بعارضہ درد چشم مبتلا اور بیچ عزیز و بیگانہ کے ممتاز فقط
فصل چہارم بیچ بیان احکام عطارد دوازدہ خانہ اگر اول خانہ مولود مین
عطارد ہے صاحب جمال و کمال و عیش مدام اور فیاض اور عالم کے اگر دوم خانہ مین
ہے عاقل و مالدار و چرب زبان اور قبیلہ پرور اگر سیوم خانہ مین ہے پس شجاع
و دلیر لیکن دایم ساتھ رنج کے بسر کرے و اگر چہارم خانہ مین ہے بے شک قوت بازو
اپنی سے زر حاصل کرے اگر پنجشم مین ہے نزدیک ایک عالم کے راست گو ہے اگر
ششم مین ہے صاف دل و سخت گو جو ہفتم مین ہے خوش معاش و عیالدار
و نیک نام و شاعر و ہم صحبت بازنان جمیلہ و اگر ہشتم مین ہے صاحب اقبال و خوبرو
و عمر دراز و نیک خو و اگر نہم مین ہے صاحب مال و دوست باپسر و دختر بیچ جہان کے
عمر دراز اگر دہم مین ہے قدرت خالق کی نظر آویگی اور بیچ یازدہم کے مرد عیاش
و عاقل اور صاحب طاعت و صاحب دل جو بیچ دوازدہم کے ہے مرد درویش و دوست
و فاضل جان فصل پنجم بیچ بیان احکام مشتری دوازدہ خانہ فقط

خانہ اول جو مشتری بیچ طالع کے جلوہ گر ہے تندرستی و سلامتی جان صاحب
محبت و معتبر و حاصل اسپ جا بہاد لخواہ و اگر سعد اکبر بیچ خانہ دوم کے ہی حمید خصال
و خواہش نہ رو جہ خود اور جو کہ رات کو خواب مین دیکھے صبح کو پیش آوے اور اگر
ہمراہ اسکے سخت کے ہے مرض چشم اور ہجر موقوفی و تنزل دولت بیچ و لگے اگر بیچ خانہ سیوم کے ہے
متحمل و خوش سخن نازک الجسم و خوشخو اور شایق عارفان اور خلعت فاخرہ ہے اگر
چہارم خانہ مین نور بخش ہے اگر پیادہ رہ وہے زیر ران اوسکے اسپ راہوار اور نفع
اوٹھاوے ہے خرید سودا اور زراعت سے اور ہم ندیم سلطان رہے و اگر پنجم مین ہے
کبھی فرزند ہوان اوسے اور خلاع و چار پایان و گنج طلا سے پر ہو اگر ششم مین ہے
زر سا بہت محنت و مشقت کے حاصل کرے و خوش معاش و فقیر دوست دشمن
ہمیشہ شرمندہ ہے اور تپ اسہال بے حد پیدا کرے جو ساتوین خانے مین ہے
بد خواہ مقصود اور فکر راحت جان خود شب و روز و اگر ہشتم خانہ مین ہے عال دار
و خدا پرست اور حق کیشان اور دوست درویشان اگر نہم خانہ مین ہے صاحب
عالم و عابد و پارسا و سخی اگر دہم مین ہے مرد زر دار و دل شاد اور قبیلہ پرور و دوستدار
درویش و اگر یازدہم مین ہے نیک طینت و سخی و زر دار و اگر بیچ دوازدہم مین ہے
زر حاصل کرے بقوت باز و فقط فصل ششم بیچ بیان احکام زہرہ ۰۰۰

دوازدہ خانہ اگر زہرہ خانہ طالع اول مین ہے عمر افزون اور نیک کردار و چالاک
اگر بیچ خانہ دوم کے ہے صاحب مال و راست گو اور دوستدار یگانہ و بیگانہ ہو
اگر خانہ سیوم مین ہے صاحب علم و ہنر فن و عاشق زوجہ خود اگر چہارم مین ہے
مرد عیاش اور خوبصورت مثل یوسف کنعان کی جو پنجم مین ہے صاحب نور

وعزیز پرور و صاحب دانش جو ہشتم مین ہے مرد ہوشیار و بے نصیب اور دشمنان سے خوف و خطر رکھی اگر خانہ ہفتم مین ہے عاقل و باذل و وجیہہ اور ہوشیار بیچ فن تیر اندازی اگر ہشتم مین ہے مرد دولتمند اور حاجت روا اگر زہرہ بیچ نہم کے ہے عابد و پر خرد اور زبان آور جو دہم مین ہے گذرے اوقات اوسکی براحت و آرام اگر یازدہم مین جلوہ گر ہے تو بیچ قید والدین کے مثل غلامان کے تصور کرو اگر دوازدہم مین ہے تو صاحب مرتبہ و خوش رو و قد میانہ فقط فصل ہفتم بیچ بیان احکام زحل دوازدہ خانہ

خانہ اول

اگر زحل بیچ جدی یا دلو یا میزان مین ہے تو خود بادشاہ یا مقرب شاہ یا وزیر شاہ ہو اگر بیچ دوم خانہ حمل و قوس و جدی مین ہو عاقل و راست کلام اگر سیوم خانہ مین ہے مرد پر سخا اور خوش لباس و خوش غذا و عمر دراز جو چہارم مین ہے آمد کم و خرچ بہت اور دشمن معشوق اور سواری سے بے نصیب اگر پنجم مین ہے آمد بہت و خرچ کم اگر ششم مین ہے طولعمر اور صحیح بدن دشمن کش اور شجاع و دلیر و اگر ہفتم مین ہے دایم المرض و اگر ہشتم مین ہے متردد عارضہ بواسیر و جریان جو بیچ نہم کے ہو مرد سیاح و زردار اگر دہم مین ہے فاضل و عالم جان اگر یازدہم مین ہے صحت جسم و طولعمر و سخن گو جو بیچ دوازدہم کے ہے کاہل و دردمند اور مبتلا بہ بلا و غم و اندوہ

فصل ہشتم بیچ بیان احکام راس و ذنب دوازدہ خانہ

خانہ اول اگر راس بیچ طالع کے ہو حال اوسکا دایما ابتر اور بیچ ضعیفی کے عمر اوسکی ساتھ خوشی کے گذرے اگر خانہ دوم مین ہے ہمیشہ بیمار لیکن بیچ ہر امر کے دور غفلت سے ہو جو سیوم خانہ مین ہے نیکنام و دراز عمر و نصرت مند جو چہارم مین ہے

وحشی مزاج اور نفع والدین کے کم اور بیادہ پا دیر الم اگر خانہ پنجم مین ہے بد مزاج
اور ساتھ فرزندان کے تاحیات سلوک نکرے اور متفکر خراب حال اور بسال شمار نکو بیجا نمین
واگر ششم مین ہے صاحب قوت و بیمار و بد فطرت جو ہفتم مین ہے مجنون اور سواری
سے بار سے بر اور سکور احت ہو اگر ہشتم مین ہے خفیف البدن و نیک خو و دوستدار
صحبت بزرگان ہے جو نہم مین ہے صاحب املاک و نیکو وجود دہم مین ہے عدو کش و بد فطرت
و صاحب اولاد و زردار تا دم مرگ عارضہ دردسر اگر خانہ یازدہم مین ہے صاحب حشمت
و طول العمر و ہم سردار اور آمد بہت و خرچ کم اور اگر دوازدہم خانہ مین ہے حادث صد با بلا اور مرض
معدہ اور خوف دشمن ہے و نقصان بیچ زر و سیم اور ہمیشہ بزرگان سے نفاق اور زوجہ
اوسکی مدام بیمار رہی فقط باب پنجم بیچ بیان قرانات ۹ گرہون کے
اول قران جو شمس کو ہو قران ساتھ قمر کے لیکن بیچ طالع کے ہو پس دلیل ہے
کہ مولود مثل حاتم سخی ہو اگر شمس کو ساتھ مریخ کے ہے شاغل بہت علم کا ہو اگر
عطارد کو قران ساتھ شمس کے ہے صاحب دولت و نشان ہو اور جسم دل اوسکا
یکسان اور اس ساتھ برادران کے اگر شمس کو ساتھ مشتری کے ہے صاحب عقل اور حقیر
اور عاشق فرقہ اناث اگر قران شمس کا ساتھ زحل کے ہے جان کہ سرگرم ہر امور مین ہو
اور زن فرزند اوسکی خیرخواہ ہون اگر ماہ ساتھ بہرام کے قران رکھتا ہے رستم ہند
حق شناس و مزاج نیک و نہ پہونچے اوسے کسیکو آزار جو قران ماہ و تیر کا ہے عالم و
و خوش سخن خوب و راست گو اگر قران ماہ کا ساتھ مشتری کے ہے راست گو جان
اور مرشد پرست اور خلق نیک اوسکو کہے اگر قمر در زہرہ کا قران ہے حریص مردود جبہ
زحل و ماہ کا قران ہو اوسکے خورد سالی مین افسردہ ہو اور قد کشیدہ و اہل زر

وبامروت اور ہیچ دل اوسکے محبت فیل و اسپ کے بہت ہو اگر ساتھ بہرام کے عطارد کا
قران ہے تنگدست و محروم ادویات سے اور دانستہ صنعت زرگری اور مرغوب طبع
آہنگری او زن اپنی سے احتراز رکہے اور زنان بیوگان سے صحبت نکہے اگر قران
مشتری کا ساتھ بہرام کے ہے عالم و ہوشمند اور ہتیہار کو ہاتہ میں بہت کم رکہے
اور جو مریخ کو ساتھ زہرہ کے ہے تو کافر اور مرتکب قمار بازی اور ٹھڈی باز اگر زحل کو
ساتھ بہرام کے قران ہے افسون گر خوش مزاج و طلسم ساز دو کالت پیشہ اگر تیر ساتھ
مشتری کے ہے صقیل گر ہے اور خوش مزاج و علم موسیقی میں طاق اگر زحل کو ساتھ
تیر کے قران ہو ظاہر نیک ور باطن بد و حیلہ کار اور زمانہ ساز اور دستدار سفر دراز
چرب زبان و مکر ساز اگر تیر کو ساتھ زہرہ کے قران ہے نغمہ سنج و خوش الحان
اور شوق زنان فاحشہ و عطریات و خوشبوی اور دستکاری سے اگر مشتری کو
ساتھ زہرہ کے قران ہے خوش نصیب و دولتمند ہے اور شایق بندگی خدا جان
اگر زحل کو ساتھ مشتری کے قران ہے نیک نام و امیر و شجاع اگر زحل کو ساتھ زہرہ کے
قران ہے قاطع الشجر و پہلوان ہم مصور و سنگتراش اور پیشہ ور نقاش سے قران
تین ستارگان اگر ماہ و بہرام و خور کا قران ہو صاحب علم جفر و ہم شجاع ہو اگر
ماہ و خور و تیر کا قران ہو صالح و صاحب جمال طمع دار اور دانایہ ہے اور بہرقن
ہو سکو دیکھا ہے مینے کتاب چندر لگن میں اگر مشتری و شمس کو قمر کا قران ہے
تندخو و دوام سفر و حق پرست و ارجمند دولتمند اگر شمس کو ساتھ ماہ و زہرہ کے
قران ہے شایق زنان و سپاہ پیشہ اور مال مردم خور او مفلس اگر زحل و بہرام
و زہرہ کا قران ہو جاہل و قاطع کلام و خودپسند اور بزرگ علیل جسم جو قران

شمس و مشتری و بہرام ہو ہمیشہ بسا ہتہ عیش و آرام کے گذرے اور امیر جہان ہو
یا مشیر بادشاہ ہو اگر شمس و مریخ و تیر کا قران ہو سخت جان و دلیر ہو اور
زر و سیم اور فرزند سے بے نصیب اگر شمس و بہرام یا زحل کا قران ہو مفلس و
دایم المرض جاہل و خانہ جنگ اگر قمر و تیر و زہرہ کا قران ہو عاقل و عالم و خوبصورت
اگر قمر و زہرہ و زحل کا قران ہو تیز فہم اور عالم و قاری اور واقف علم ہندی اگر قمر
و تیر و زہرہ کا قران ہے تو بیچ دل اوسکے ہوس سیم و زر کی بہت ہے اور بخیل بیچ
مردمان جہانکے و ذلیل و خوار ہو زحل و مہہ و عطارد کا قران ہے مقرب سلطان ہو
اگر ماہ و بہرام و تیر کا قران ہو بد شعار و بد گمان کم رزق اور دوستدار ینون مردمان
جہانسے اور پر غضب و بدکیش اگر ماہ و مریخ و مشتری کا قران ہے مرد سیاح
اور مادر اوسکے خورد سالی مین مرجائے لیکن مردی کا اوسکو ہمیشہ خطرہ رہے اگر ماہ و بہرام
و زحل کا قران ہے پس کمینہ و حریص زنان جان اور بدخواہ عالم اور مادر اوسکی طفلی
مین مرجایگی اور مشتری و تیر و شمس کا قران مین عالم و عاقل و کاتب سفر دور ہو
جو شمس و تیر و زہرہ کا قران ہو پس بیچ سفر کے رہے اور زبان آور بد اطوار اور
بیچ سب مذاہب کے یار و اگر زحل و تیر و شمس کا قران ہے نازک طبع بدمزاج روستمی
و بیگانہ بیزار اگر مشتری و شمس و زہرہ کا قران بیچ طالع مولود کے ہو بادشاہ یا وزیر ہو
مگر کار مستمری اور فقیری کا کرے جو زحل و شمس و مشتری کا قران ہے مرد
بصورت خوب و قد دراز اور بزرگو منشو شمنی گری لگن زن و فرزند اوسکے دوستی نکرین اگر
زحل و زہرہ و شمس کا قران ہے عاری علم و ہنر سے بدمزاج و مریض اور خوف
دشمنان سے جو مشتری و ماہ و زہرہ کا قران ہے عالم و مرد نامعہ اور مادر

مادر او سکی نیک و راست کار اگر زحل و ماہ و مشتری کا قران ہے وقف علم شرع سے
و مریض و صاحب حکم قران چار ستارگان شمس و قمر و مریخ و عطارد ہیچ ہر فنونکے
فریب دہندہ اور مذہب سے ناواقف شمس و قمر و مریخ و مشتری دولتمند و مصاحب
بادشاہ و خوش پوشاک و بزبان مائل اور دین و مذہب سے خبردار شمس قمر مریخ زہرہ
مرشد کامل و خوبصورت و صاحب اولاد شمس و قمر و مریخ و زحل مرد کو حکیم و مجرب
نافتہ عیاب سے شمس قمر عطارد و مشتری دانا و دست پرست آرام خلق و دولتمند
شمس و قمر و عطارد و زہرہ فاضل و پیشکار امیران اور حیوانات کو بہت پرورش کرے
اور گفتگو اوسکے مساوی ہو شمس و قمر و عطارد و زحل کم علم و دانا و کم دولت شمس
و قمر و مشتری و زہرہ ہنرمند و پسند طبع بادشاہ و تندرست و کلمات معقول گو
شمس و قمر و مشتری و زحل لباس اوسکے حوالہ زنان اور صحبت بزرگان اور
عزت و حرمت کم پاوے شمس و قمر و زحل تیز مغز و خوب رو و رقاص
شمس مریخ عطارد و مشتری ہیچ ہر کار کے منسوب باز اور روبرو اوسکے دشمن
قیام نکرے شمس مریخ عطارد و زہرہ صاحب علم و شجاع و سپاہی شمس و مریخ
و عطارد و زحل فریب ساز و خوبصورت خوش پوشاک شمس مریخ و مشتری و زہرہ
تمام خلق تابعداری کرے اور وہ اونکے ساتھ سلوک کرے شمس و مریخ و
مشتری و زحل جس جا وہ جاوے لوگ قدر و منزلت کریں اور صلاح حرب کی ملاک ہو
شمس مریخ زہرہ زحل مدام پریشان رہے و ہیچ گو ہو و فتنہ کنندہ شمس و عطارد
و مشتری و زہرہ قبائل پرور و زن اوسکی خوبصورت اور آرام زنان سے پاوے
شمس عطارد و مشتری و زحل خوبصورت مجبور اور عزیزان کے گرامی کیا کرے

اور جو کام کرے انجام کو ہو پنچاوی شمس و عطارد و زہرہ و زحل صحبت نیک و تلاعر سندی
دفارسی شمس مشتری زہرہ و زحل دانا و متحمل ہر کار و خوبصورت و پر شہوت قمر مریخ عطارد
و مشتری رنگ زرد اور استاد بیچ ہر فن کے و سخاوت شعار ہو قمر و مریخ و عطارد
و زہرہ سخنان بدگو کو دوست رکھے و مغرور اور قبایل سے لڑائی کیا کرے اور ہوس
خانہ جنگی اور اولاد بد پیدا ہو قمر مریخ عطارد و زحل بیچ علم تک سیر مداخلت اور سپاہ
گری میں طبیعت رسا قمر و مریخ و مشتری و زہرہ توانا و خوش پوشاک و خوبصورت
و میل بزبان قمر و مریخ و مشتری و زحل دروغ گو و عیار قمر و مریخ و زہرہ و زحل سیاحت
طوائفان کے محبت رکھے اور زوجہ سے ناموافقت و مفلس رہے قمر و عطارد و مشتری
و زہرہ صاحب دولت و طالب علم اور مستورات سے بہرہ مند ہو قمر عطارد مشتری
و زحل دانا و صاحب عشرت اور کتب تواریخ سے شوق رکھے قمر عطارد و زہرہ
و زحل خواہش شہوت سے خانہ بخانہ سرگردان رہے اور اہل بیت سے بے نصیب
قمر و مشتری و زہرہ و زحل میل سفر دور و دراز و دروغ گو مریخ عطارد و مشتری و زہرہ
نسیان بیچ مزاج کے بہت ہو جو یاد کرے فراموش کرے مریخ عطارد و مشتری
و زحل دروغ گو و خوش پوشاک و خوبصورت مریخ و عطارد و زہرہ و زحل فاضل و اہل ہنر
و باہر یکن ہاکل و مصنف کتاب ہو و خواص مزاج بادی و تلخی مریخ و مشتری زہرہ
و زحل تجارت و سفر سے بہرہ مند رہے عطارد و مشتری و زہرہ و زحل صاحب
دولت و مال بدر سے اوقات بسر کرے اور خوشنویس ہو اور رونکے کام میں
کاہلی کرے قران پانچ ستارگان شمس و قمر و مریخ و عطارد و مشتری
بیچ فن صرف کرے او استاد و فاضل و قابل ہو مدام مفلس شمس و قمر و مریخ و عطارد و زہرہ

فربہ ہوا اوسیچ کادیگران کے سعی وکوشش کرے اورعزیزان وبرادران وخواہران
وزنان سے آرام پاے شمس قمر مریخ وعطارد وزحل فرزندان واہلیہ ودوستان سے
آرام پاوے اوربیماری بادسے تصدیع اوٹھاے شمس وقمر مریخ ومشتری وزہرہ وخشم طبع
واجلاف پرست وناامرد شمس وقمر مریخ ومشتری وزحل مال دیگران کا ساتھ دزدیکے
کوشش کرے اوسیچ صف جنگ کے اورونکو تاکید اورخود کنارہ کرے دروغ گوہو شمس
وقمر مریخ وزہرہ وزحل کم دولت وبازن بیگانہ مائل وکوردل شمس وقمر وعطارد و
مشتری وزہرہ عالم اوسیچ فن ہندسہ وتعویزات شمس قمر عطارد ومشتری وزحل
دوست کسی کانہ ہوا اوربد کہے سب کو اورکم معاش شمس قمر عطارد زہرہ زحل
بیچ شادی اپنی کے خوش وخورم نہ ہو دراز قد وحقیر وکم عمر شمس قمر مشتری زہرہ
وزحل مغرور وچالاک طبع اوسکا ناخشم وکم نصیب شمس ومریخ وعطارد ومشتری
وزہرہ سردار کلان وآدم خوب پرشہوت اوردشمن کم شمس ومریخ عطارد ومشتری
وزحل آب حکیم ہوا اورمدام بیمار رہے اوربیماران کوشفا کرے اورپارچہ ہاے
ناپاک پہنے شمس مریخ عطارد زہرہ زحل مریض کوبہت تصدیع دیوے و
وحقیر [illegible] اوسکے پوشاک سے محتاج شمس مریخ مشتری زہرہ زحل
دردچشم مین گرفتار ومفلس مدام شمس عطارد ومشتری وزہرہ نزدیک بزرگان کے
اوردوست بہت ہون قمر مریخ عطارد ومشتری زہرہ نزدیک بزرگان کے
ثابت قدم وصاحب دولت وفاضل اوردوست بہت ہون قمر مریخ عطارد
ومشتری وزحل مفلس ونادان اوردوست کوآزار نہ پوہنچاوے قمر مریخ عطارد زہرہ
زحل دائم المرض اوسیچ علم اپنے کے رسا وشیرین زبان اوسیچ گردن اوسکے کے

بیماری قمر و مریخ و مشتری زہرہ و زحل دائم المرض و کم دولت و محتاج بہت قمر و عطارد
و مشتری و زہرہ و زحل اخلاص مند وزیر و امیر سے ہو اور شاعر و دانا مریخ عطارد
مشتری زہرہ زحل جو کہ دل مین آئے وہ کرے و کثیر النوم و مدام خورم
قران چھہ ستارگان کا شمس و قمر و مریخ و عطارد و مشتری و زہرہ
صاحب علم و دولت اور دین و مذہب اپنے سے خوب واقف ہو اور تمام عمر خوشی و
خورمی مین گذرے شمس و قمر و مریخ و عطارد و مشتری و زحل صاحب دولت و سخاوت
اور بیچ کار دیگران چالاک اور بیچ کار اپنے کے سست ہو شمس قمر مریخ عطارد و زہرہ
زحل بیچ بیماری جذام کے گرفتار اور چور نادان و مائل بازن دیگران و مدام سفر مین
رہے شمس قمر مریخ مشتری زہرہ زحل خود بدقوم ہو اور صحبت اجلاف کی پسند رکھتا ہو
اور بیچ کار دوسرے کے کوشش کرے شمس و قمر و عطارد و مشتری و زہرہ و زحل
وزیر یا بادشاہ مشہور ہو و تندرست و مائل بعیش و سرور شمس مریخ عطارد و
مشتری زہرہ زحل واسطے زیارت بزرگان کے سفر مین رہے اور ساتھ اہل
دنیا کے میل کم ہو اور فقیر دوست ہو شمس قمر مریخ عطارد زہرہ زحل ساتھ
تمام عزیزان اپنے کے دوستی رکھے و صاحب دولت ہو و ثمرہ زندگی کا خوب
اوٹھائے قران ساتون ستارگان کا شمس قمر مریخ عطارد مشتری
زہرہ زحل نیک سعادت و بادشاہ عالم اور بیچ اولیاء اللہ و فقراء کے مشہور اور شوق عبادت
خانہ و عبادت کرنے سے قران اٹھون ستارگان کا شمس قمر مریخ عطارد
و مشتری زہرہ و زحل و راس و ذنب دائم المرض و نادان و مفلس و دزد پیشہ
و خواہان زن بیگانہ فقط باب ششم احکام منتہا مع ہر سال و طالع مولود کے

مفصل حالات حوالہ قلم کے کرتا ہون اگر منتہا بیچ سال کے ہمراہ انجم سعد
و نرم کے جلوہ کنان ہے صاحب منتہا کا ہمراہ اوسکے تو حال اوسکا خوش و خورم
دولت افزون ملے دوا انجم سے اگر منتہا یوم اول سال کے سات زہرہ و مشتری کے
نور فگن ہے تو بخت بلند ہے و اگر منتہا محرق ہو یا قمر بیچ ہبوط کے سیار ہو دوستان
اوسکی پیادہ باد سرگردان اور جان و دل و غم ہجران سے مبتلا اور عارضات بنی تن کو
گھٹا دے زیشت جوگ نام ہے اگر صاحب ہشتم بیچ تنکے نور فگن ہے یا صاحب اول کا
روشن ہے، یا تابد ہشتمین محل ہین آی یار یار برابر ہشتم خانہ ہین کری انظار تو پر غصہ و اقبالمند ہو اور
جسم اوسکا تمام زخمی ہو اگر صاحب منتہا و صاحب تن ہر دو بیچ تن کے ہون روشن دوستانکو
زوال اقبال ہے اور ترس رحم صلاح زخم یہہ سال ہے اگر زحل و شمس بیچ اوسکے ناظر ہون
دیکھا ہے مینے بیچ کتاب اچک کے کہ یہہ مضمون بالا ظاہر ہے اگر ہمراہ شمس کے
منتہا بیچ سالکے پڑے تو مژدہ دے اقبال ہے کہ سلطان سی عطا ہوے خلعت
وزرا اور کرم اور لطفہا بہت اگر منتہا ہمراہ ماہ کے نور بار ہو حاصل امید جان و لخواہ
اگر منتہا ہمراہ ترک کی شمشیر زن ہے مرض خونی پدید ہو اور کوی مرہم سوای موم کے
مفید نہ ہو اگر منتہا ہمراہ زحل کے ہے دوش علم و عمل نجوم سے ہے کہ آزار باد سے
جان دے بیزاری و رنجور ہیے اگر منتہا صاحب شخص کا بیچ طالع سالکے سات کوکب اکبر
سعد کے ہو زن و فرزند خورسند ہون اگر جب کسی کا منتہا خانہ تن ہین ہو یہہ ساتون
ستارے نغمہ سنج اقبال کے ہین نیکنامی و عقل و اعزاز و سرفراز و سرفرازی
خلق ہین افزون کرین اگر نظر مشتری کی بیچ اوس جای کے نور بار ہے و میان
سال کے دولت و بخت مفت ہجاسے اگر صاحب خانہ بیچ طالع موجود کے ہو یا نظر انداز

لیکن بیچ خانہ ششم یا دوازدہم کی نہ ہو اور احتراق و ہبوط سے دور ہو پس دولت
اور جانوران اسپان و بز و میش و قطار شتران اسکی کارخانہ اوسکا تزیین ہو اور شجر
اوسیکا میوہ سے بار آور ہو اور ہمیشہ رہے برادران و خواہران اسکی بعیش و عشرت
اگر منتہا بیچ خانہ اول کے جای گزین ہو یا نظر انداز حال اوسکا خوش و خرم کہ بہہ مژدہ ملا
اوستاد میرے نے سرفرازی شاہ سے اور خصم بدبخت روسیاہ ہون اگر منتہا بیچ دوم
خانہ کے روشن ہی حسن جبہہ سے آثار اوسکے ای برادر من دولت و غلہ و زر و زیور
بخشے رب اپنی فضل و کرم سے اور غذاے لطیف و فتح و فیروزی و ظفر مددگاری اوسکے
اگر منتہا بیچ خانہ ثالث سال کے ہو آرزو بر آوے مال بزرگان سے اور نفع پائے
رحمت حق سے اگر منتہا رابع بیچ سال کی ہو دولت نہ ملی یقین جان اعتراضی شاہ سے
اور مرض ضیق مین مبتلا ہو اگر منتہا خامس بیچ سال کی ہے کرے اوسکے ترقی حد سے
زیادہ اور عابد و پارسا مشہور ہو خلق مین اگر منتہا سالنامہ کسکی خانہ ششم مین
نو رافگن ہو تجارت سے نقصان اوٹھاوے اور غم دولت مین بیمار رہے اور احمق خلق
مین ظاہر ہو اگر منتہا ہفتم خانہ مین روشن ہو جان و تن و سکالا غر مثل بال کے
اگر منتہا خانہ ہشتم مین جاگزین ہو دولت مین زوال آوے دوستان و برادران
خویشان سب دشمن ہو اوسکے اگر منتہا خانہ نہم مین جلوہ کنان ہون دولت اوسکی
رہبر ہو اور قرب شاہ کی پہونچائے اگر منتہا دہم خانہ مین عشرت انداز ہے جو کہ امید کہتا ہے
حاصل ہو فضل حق سے اگر منتہا بیچ خانہ یازدہم کے نور بار ہے بخت اوسیکا نادی
ہوے قرب شاہ مین اگر منتہا دوازدہم مین انتہا ہو بقایا روپیہ اپنا خرچ کرے اور مرض
سخت و قہر سلطان مین گرفتار ہو باب ہفتم مین سات فصلین ہین فصل اول مین

## بیان نام اصطلاحات مدلول و مجہول نظرات کواکب کے ای یار بیان کیا جاتا ہی

ای منجم ہوشیار اول رکن اعظم نظر جانی بعدہ تاثیرات اوسکی پہچانے اگر بیچ خانہ سیوم کی دو کوکب
یا کہ بیچ خانہ یازدہم کی بشرطیکہ نظر دوستی کی سعد رکہتے ہون اوسکا نام تثلیث تام
ہے جو دو اختر ساتھہ خور کے ایک منزل بیچ فرو گکن ہون اور نظرات کامل ہون اور
بُعد ایکدرجہ کا درمیان مین ہو تو اوسکا نام محترق والحاق ہے اور تحت الشعاع کو مدلول
کہتے ہین جو دونون ناقص ہین تو مجہول کہتی ہین اگر ماہ مہر سے آگی جاوے اور یازدہ
درجی کا بُعد خور کا ہے پس ہلال و سلخ جان اگر ہفتم خانہ سے یکدیگر مہتاب ہو نام اوسکا
بدر کہتی ہین اور مدلول سعد بہی ہے واسطے ہر کار کے نیک ہے جو دو کوکب بیچ جایگاہ نہم
خانہ یا کہ بیچ خانہ دوازدہم کے ہون اوسکا نام تفریق ہے اور مدلول ثانی بہی کہتے ہین
اور کار مفارقت مین کام آتا ہے جو کہ ماہ و خور یا کہ راس و ذنب یکدرجہ و یک دقیقہ
عروج ماہ بیچ ایک برج کی واقع ہون تو مفارنہ اوسکا نام ہے اور مناقشہ بہی
کہتے ہین جو یہہ حال قمر کا نہ ہو تو خسوف جان اور اگر شمس کا یہہ حال روشن ہو تو کسوف
کہتے ہین اور بست و ہشت منازل ہر ستارہ کی ہین اور نظرات جملہ ایکسو چالیس
ہین اور ہر منازل مین تاثیرات دیگر گون جان پہچان خواص ہر کوکب کا بیچ ہر برج و درجہ
و دقیقہ و ثانیہ مین جدا گانہ پیدا ہوتا ہے اور ربند و طالع کو از روے حساب خطوط
شعاع کہتے ہین اور سہم السعادہ و خطوط سعاد بہی نام و کہا ہے اور طلوع و غروب ہر برج مین
ہوتا ہے اور نحس اول و سعد دوم از روے درجہ و دقیقہ و ثانیہ مین آوین اوسکا نام
قوت ذاتی و عرض کہتی ہین جو طلوع و غروب ایکدرجہ مین ہون تو تحت الارض جان جو طلوع
غروب نظرات مین ہون تو اوسکا نام وسط السما ہے اور بعد اوسکے عرض تامل کو

مستولی جان اور سہم السعادت کا نام سہم الغیب بہی ہے اور مستولی نظر کو سہم الحاجت
بہی کہتے ہین لیکن بیچ مستولی طالع کے بہہ تکرار ہے پس نظر کرنا چاہئے بدرجہ
تقویم کے اور درجہ مہتاب کو خیال کرنا چاہئے ازروے حساب کی بعد اوسکی درجہ طلوع
وغروب کو سا عت اور طالع مولود کو اول خانہ سے دلیل عمر مولود کی ہے اور جو خانہ عاشر
اور صاحب اوسکا طالع مین ہو تو عمر مولود کی میانہ ہے جو ساتوین خانہ مین صاحب
خانہ اور مالک طالع کا واقع ہو یا چوتہے خانہ مین طالع ہو اور صاحب اوسکا ہمراہ ہو پس
دلیل مرگ کی ہے اور زحل ہر کوکب کی ملاحظہ فرما علوی و سفلی و سریع الاثر مین و اگر
تا ٹہہ درجے آیا ہو تو دلیل ملنے گنج شاہگان کی ہے جو پچپن درجہ ہے تو نام اوسکا
مجرہ ہے اور یہہ دلیل کہ صرف اموال بیچ وطن اپنی کے خرچ کرنے کی ہے اور ہرگاہ کہ
عرض موافق ہر دونون ہم بغل ہون تو حکم درست صادر ہوگا جب بیچ ایک برج کے
قران قمر کا بدرجہ واحد اور دقیقہ احد کے ہو تو اوسکا نام تناظر تقارنہ ہے اور قران
بہی سب کہتے ہین ہمبری قوت اور رجعت ہر کوکب کی خیال چاہئے اور بیر رجعت مشتبہ ہی
و عطارد اور زحل کی کہ او پرورش درجی پر ہے اور رجعت مریخ [illegible]
اور نام جانہا ہے رجعت سکہ بہ تفصیل ذیل مین ہشتم و نہم دہم طرف غالب کے بر
اور مغربی ہفتم و ششم و پنجم اور جنوبی دوم و سیوم و چہارم اور مشرقی اور طالع
شمار کرتے ہین یازدہم و دوازدہم تک اور ایک [illegible] ہیں جو بیچ
تعین طاقت علم کی ہے جان فصل دوم احکام زحل [illegible] مع تقسیم اوصاف
اور نیکی و بدی واضح ہو کہ یہہ ستارہ بطی السیر ہے اور سعادت اور نحوست اوسکی
عمل مین آتی ہے بران بدریافت حال [illegible] اوسکی ذیل مین مندرج کیا گیا

نچھتر تولد کو ملاحظہ کر کے دریافت فرمائین کہ کس جا زحل پڑا ہے اور اثمار اوسکے یہہ ہین نقشہ یہہ ہے فقط

| بالای سر | چشم راست و چپ | اوپر دہانکے | اوپر دست راست و چپکے | بیچ شکم کے | بیچ پاے راست کے | اوپر پاے چپ کے | اوپر مقعد کے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باعث عزت و ترقی مراتب و حصول زر | دشمن و غم ہون | مسدود کرے آمدنی | ہر گونہ آسائش ملے | بدستور جمعیت راست و چپ تا تہونکے حاصل ہو | پاے پایل اور گردش بسیار و بیمار رہے | خرچ بسیار کرے | بیماری و موت واقع ہو |

اب بیان خانہ ہاے یہ ہے جب کسیکی راس مین چہارم و ہشتم و دوازدہم جو کوکب نحس زحل ہوتا ہے تو ناقص ہوتا ہے مگر زحل اس حساب سے جو بیچ نچھتر نیک کی خانہ ہاے مذکورین بالا مین واقع ہو تو سعد ہوتا ہے اور نحوست نہین کرتا ہے مگر وقت تولید نچھتر کا بھی دریافت ہونا ضرور ہے

**تقسیم زحل اوپر ستائیس نچھتر ان کے فقط**

فصل سیوم اگر مدار اول ہے تو کشن پچھ بدی کہتے ہین روز پروا کو میانہ ہے
دوج کو نیک ہے پہننا پارچہ و سفر و تیج کو قطع کرنا و پہننا و سفر کرنا نیک ہے چوتھ نصف آخر
خوب نہین ہے پنچمی کو نیک ہے چھٹ کو جملہ امور نیک مگر سفر اچھا نہین ہے ستمی تو نہین
پارچہ اور قطع اوسکا و سفر نیک ہے اشٹمی کو نصف اول بد و نصف ثانی نیک نومین کو
سفر بد ہے دسمی کو نیک ہے پہننا پارچہ و سفر سے انا ایکادسے نصف اول نیک نہ پہننا
پارچہ و قطع سفر و نصف آخر خوب نہین ہے دوادسے کو نیک ہے پہننا جامہ و سفر
تیرس کو پہننا جامہ و سفر نیک ہے چودس کو نیک ہے مگر کچھ کرنا نچاہیے اماوس کو
جو دوم مدارج ہے تو سو کل کچھ بدی لکھتے ہین پروا کو نیک ہمہ وجوہ مگر سفر نچاہیے
دوج کو جامہ قطع کرنا و سفر کرنا خوب ہے تیج کو نصف اول نیک و نصف دوم بد چوتھ کو
خوب نہین ہے پنچمی کو نیک ہے پہننا جامہ و سفر چھٹ کو ہمہ وجوہ نیک مگر سفر بد ستمی کو
نصف اول بد و نصف آخر نیک اشٹمی کو سفر تیج اس روز کے بد ہو واسطے سرا امور بد
نیک نومی کو سفر سے احتراز بہتر ہے دسمی کو نصف اول نیک نصف ثانی بد ایکادسے کو
نیک ہے جامہ پہننا اور سفر کرنا دوادسے کو قطع جامہ و سفر نیک ہے تیرس کو نہ جامہ پہننا
و سفر خوب ہے چودس کو جملہ امور نیک ہین مگر سفر نچاہیے پورنماشی کو نصف اول
و نصف آخر نیک الا سفر اچھا نہین ماہ رومی کو مطابق ماہ ہندی کے جان اس سال
رومی جیٹھ ہندی سے آغاز ہے اور درجہ چیت ماہ ہندی شمار کرتے ہین اور ماہ افق
ماہ فروری کے ہوتا ہے اور تحویل بیچ برج حمل کے بموجب نظرات کے ہے فصل چہارم
بیچ استخراج ایام عمل کواکب اہل ہند و سا کہتے ہین چاہیے کہ منازل قمر سی
جس منزل مین سال کا آغاز ہووے تا نسے شمار کرے کہ کسقدر گنتی مین آیا ہے دو عدد سے

منہا کرے اور باقی کو نو کی طرح دے اگر ایک ہے تو آغاز سال شمس سے ہے کہ عمل شمس کا تیرہ روز
رہتا ہے اگر دو رہین تو قمر سے ہے کہ عمل قمر کا تیئس روز کا رہتا ہے اگر تین رہین مریخ
سے ہے عمل مریخ کا اکیس روز رہتا ہے اگر چار رہین راس سے ہے کہ عمل راس کا چون
روز رہتا ہے جو پانچ رہین مشتری سے ہے عمل مشتری کا ارتالیس روز کا رہتا ہے
اگر چھہ رہین زحل سے ہے کہ عمل زحل کا ستاون روز رہتا ہے اگر سات رہین عطارد سے
ہے عمل عطارد کا دن روز رہتا ہے اگر آٹھہ رہین ذنب سے ہے عمل ذنب اکیس روز
رہتا ہے ہمین قسم گردش ایام کے موافق ترتیب بالا کے دریافت کیا چاہیے فصل
پنجم بیچ بیان رجال الغیب یکہبار رجال الغیب کا واسطے ملاقات سلاطین و امیران
و بزرگان و سفر و سواری و سواری و آغاز کار یا غیر ذالک یمین و یسار و عقب و پیش ہٹنا
ضرور ہے پس انسان کو لازم و ملزوم ہے کہ اوسکو دریافت کرتا رہے اہل عرب اوسکو
رجال الغیب کہتی ہین اور اہل ہند اسکو جوگنی کہتی ہین آٹھون اطراف کی سیر کرتا ہے
اکثر نزہے خصوصا سفر و سواری مین الزم ہے مشرق کی جانب بساعت اول سواری
فیل کی ہے الیسان مین بساعت چہارم اور سگ کے شمال کی جانب بساعت ہشتم
اور اسپ کی اور بابیب کو بساعت دوم اور شیر کی مغرب کو بساعت پنجم
اور گاو کی نزت کو بساعت ہفتم اور شتر کے اگنی کو بساعت ششم اولی ہے
ملاحظہ کیا جاے اور موافق اس بیت کے بہت اسان ہے بیت عربی
کنجبا مس کنجمس + کنجع یامس کنجع امس اور نحوست اس جہت سے
ہے کہ اسکو ہندی مین وساسول کہتے ہین نظم شرق در شنبہ و دوشنبہ جمعہ یکشنبہ
غروب سہ چہار اندر شمال پنجشنبہ در جنوب + شرق الیسان شمال بابیب دان

غرب نیرت جنوب آگنی خوان

دایرہ

مشرق

بساعت اول زحل

شنبہ و دوشنبہ

فصل پنجم بیچ بیان اقالیم کے ہے ہر ایک قدما نے زمین کو تقسیم مختلف کیا ہے لیکن اکثر ونکا حکم متفق ہے کہ کرہ زمین کا درمیان دریاے محیط کے ہے چنانچہ سہ ربع بیچ پانی کے و یک ربع ظاہر کہ اوسکو ربع مسکون کہتے ہین طول اوسکا مشرق سے مغرب تک و عرض شمال سے جنوب تک یہہ معمورہ ہے اوسکے تئین ہفت اقلیم نام رکہا ہے یعنے دن دوازدہ ساعت اور چہل و پنج دقیقہ تک کا ہے و عرض بلدان کا شانزدہ درجہ و سی و ہفت دقیقہ تعلق باقلیم اول کی کہ کوکب اوسکا زحل ہے مردم یہان کے برنگ سیاہ چنانچہ بعض شہرہاے یمن و بعض زمین چین و سواحل بحر جنوبی و کوہ ہاے بلند بیشمار ہین اور بیست و سہ دریاے عظیم اور دن وہان کا سیزدہ ساعت و پانزدہ درجہ و عرض بلدان بیست و ہفت دقیقہ ہے تعلق

باقلیم دوم کہ کوکب اوسکا مشتری ہے اکثر شہرہاے عرب چنانچہ مدینہ منورہ و مکہ
معظمہ و بعض شہرہاے سندہ و اکثر شہرہاے چین و بعض زمین مغرب و بعض بلاد
سواحل عمان و نیل و مصر سترہ کوہ بلند و پنجدہ دریاے عظیم اور آدمی وہانکے سبز رنگ
و گندم گون ہوتے ہین تیرہ ساعت و چہل دقیقہ و عرض بلدان بیست و ہفت درجہ
و بیس دقیقہ ہے اقلیم سیوم کہ تعلق مریخ سے ہے کہ بیچ اوسکی بیت المقدس و بصرہ
و کوفہ و مصر و دمشق و کرمان و بعض اصفہان و ملتان و قندہار و کشمیر و دار الملک
چین تینتیس بلند کوہ ہای ہین اور بائیس دریاے عظیم ہین اور مردم وہان کے
گندم رنگ مائل بسرخی ہوتے ہین اوس جا سے دن چہاردہ ساعت و پانزدہ
دقیقہ و عرض بلدان سے و سہ درجہ و ہفت دقیقہ اقلیم چہارم کہ کوکب
اوسکا آفتاب ہے کہ بیچ اوسکے بہت بلاد ہین اصفہان و خورجان و ریحان و کاشان
و بدخشان و ہمدان و تبریز و دونیل و شیراز و طوس و نیشاپور کہ بیچ اوسکی بیست و پنج
کوہ ہین اور بیست و دو دریا واقع ہے و رنگ مردم وہان کا مائل بہ سفیدی اوس
جا سے ہے اور دن چہاردہ ساعت و سی دقیقہ و عرض بلدان سی و ہشت درجہ
پنجاہ و چہاردہ دقیقہ ہے اقلیم پنجم کہ متعلق زہرہ سے ہے کہ بیچ اوسکے بعض شہرہاے
روم و دیار منیہ و سروان و خارزم و بخارا و سمرقند و جبلی و کاشغر و تبت و ختن
و اقصاے بلاد ترک کہ بیچ اوسکے تیس کوہ و پچیس دریا واقع ہین اور رنگ مردم
وہان کا صندلی ہے اور دن وہان کا پانزدہ ساعت و پانزدہ دقیقہ و عرض
بلدان چہل و سہ درجہ و بیس دقیقہ ہے اقلیم ششم کہ تعلق عطارد سے ہے اور بیچ
اوسکے بعض شہرہاے عمدہ روم مثل قسطنطنیہ و بلاد ماوراء النہر و ترکستان و بعض ساکن

ترکانی کہ شرق مین اوسکے گیارہ کوہ اور چالیس دریا واقع ہین رنگ مردم وہان کا مایل بہ زردی ہے اور جاڑے وہان کی درازہے اور دن وہان کا پانزدہ ساعت و چہل دقیقہ و عرض یہان چہل ہفت درجہ و دوازدہ دقیقہ ہے اقلیم ہفتم کہ کوکب اوسکا قمر ہے بیچ اوسکی شہر صقالیہ و بلغار و کچھ ہائے کہ ترکان وہان کی مثل وحوش جانوران کی ہوتے ہین اور مسکن یاجوج کا ہے کہ بیچ اوسکے دس کوہ و چہ دریا واقع اور مردم وہان کے زردی مایل ہوتے ہین ❊

دایرہ یہہ ہے

جنوب

مشرق

مغرب

خط قطب معدل النہار

دریای محیط

شمال

فصل ششم بیچ بیان گھڑی و ایام گردش دوازدہ ماہ افتاب شش نفس صحیح المزاج کو پل کہتے ہین اور شش پل کی ایک چین ہوی اور دس چین کی ایک گھڑی و شصت گھڑی کا رات و دن ہوتا ہے اور کمی رات دن مین اور کمی دن کی رات مین محسوب ہوتا ہے اور بیچ بعض کتب مین دیکھا ہے کہ بیچ تلفظ اچھر یعنی حروف معہودہ کہ با و تا و غیرہ اوسکے ہون جسقدر امتداد ہوگی اوسکو بیچ ہندی کی چین کہتے ہین اور

دس چھن کو پران کہتے ہین و ششش پران کو ایک پل اور شصت پل کے تئین ایک گھڑی
اور شصت گھڑی کے تئین شب و روز مقرر کیا ہے اور اوسکو بیچ اصطلاحات عجم کے لمحہ کہینگے اور پران
کو لحظہ کہتے ہین **فصل ہفتم بیچ بیان سنکرات وغیرہ کے** کہ ابتدار سنکرات دہن سے
کہ آفتاب بیچ برج قوس کے آتا ہے تو ماہ پوس ہوتا ہے رات زیادہ ہوتی ہے جیٹھ مہینہ تک
یونہین رہتا ہے ابتدار سنکرات کرک سے بیس ۲۰ روز تک بیچ سرطان کے کہ مدت افزودگی
دن ایک گھڑی ہے باعتبار افزایش ۳۰ پل یعنے رات ۲۷ ستائیس گھڑی کی ہوتی ہے
اور دن سی و ۳۳ سہ گھڑی کا ہوتا ہے اور ابتدار بست ۲۱ و یکم برج کرک سے لغایت دہم برج
سنگہ کہ آفتاب بیچ برج اسد کے رہتا ہے ماہ بہادون ہوتا ہے رات ستائیس گھڑی
کی اور دن سی ۳۲ و دو گھڑی ابتدار یازدہم ۱۱ سنگہ کہ لغایت آخر ماہ مذکور سے شب او نتیس ۲۹
گھڑی کی ہوتی ہے اور دن سی ۳۱ و یک گھڑی کا ہوتا ہے اور ابتدار سنکرات کنیا سے کہ آفتاب
بیچ برج سنبلہ کے آتا ہے ماہ کنوار ہوتا ہے بیس روز تک رات دن برابر رہتا ہے ابتدار بست و یکم
کنیا سے لغایت دہم سنکرات تلا کہ آفتاب بیچ برج میزان کے آتا ہے ماہ کاتک ہوتا ہے رات
سی و ۳۳ سہ گھڑی اور دن او نتیس ۲۹ گھڑی ابتدار یازدہم سنکرات تلا سے لغایت سنکرات
بدادرہ سے رات سی و یک ۳۱ گھڑی اور دن او نتیس ۲۹ گھڑی ہوتا ہے ابتدار سنکرات برچھک کہ آفتاب
بیچ برج عقرب کے آتا ہے ماہ اگہن ہوتا ہے بیس ۲۰ روز تک بیچ برچھک کے رات سی و ۳۳ سہ گھڑی
اور دن ستائیس ۲۷ گھڑی اور ابتدار بست ۲۱ و یکم سنکرات برچھک تا آخر سنکرات دہن کہ
تحویل آفتاب بیچ برج قوس کے ہوتا ہے ماہ پوس ہوتا ہے رات سی و چہار ۳۴ گھڑی اور دن چھبیس ۲۶ گھڑی کا ہوتا ہے جب
برج مین آفتاب قیام کرتا ہے ترقی و تنزل شب و روز مین کرتا ہے چھبیس ۲۶ گھڑی سے کمی اور افزونی سی و چہار ۳۴ گھڑی سے
نہین یہ دو لفظ لکھے ہین اس حو رتین پاس یعنے پہر ستائیس گھڑی سے کم و نہ گھڑی سے زیادہ نہین ہوتا ہے اور کمی شب اور [illegible]
دنکی ابتدار سنکرات مکر سے ہے کہ آفتاب بیچ برج جدی کے آتا ہے یعنے مدت کمی یک گھڑی بدستور رات سی و ۳۳ [illegible]

گھڑی اور دن کی ستائیس ۲۷ گھڑی ابتدا ربست یکم سنکرات لغایت دہم سنکرات کمبہ کہ آفتاب بیچ برج دلو کے آتا ہے

پہاگن ہوتا ہے اور ابتدا ر سنکرات مین ہے کہ آفتاب بیچ برج حوت کے آتا ہے ماہ چیت ہوتا ہے بیس روز تک رات بیس ۲۰ و دن

گھڑی اور دن سی ۳۰ ایک گھڑی ابتدا ربست یکم سنکرات بسطو تا دہم سنکرات کہ آفتاب بیچ برج حمل کے آتا ہے بیساکھ

ہوتا ہے رات اٹھائیس ۲۸ گھڑی اور دن بتیس ۳۲ گھڑی ابتدا ر سنکرات میکھ تا آخر ماہ کہ تحویل آفتاب بیچ برج ثور کے ماہ جیٹھ

ہوتا ہے رات ستائیس ۲۷ گھڑی اور دن سی ۳۳ گھڑی ابتدا ر سنکرات برکھ تا نہم ماہ کہ آفتاب بیچ برج جوزا کے

آتا ہے ماہ اساڑہ ہوتا ہے رات چھبیس ۲۶ گھڑی اور دن چونتیس ۳۴ گھڑی کہ ابتدا ر سنکرات متھن کہ آفتاب شش ماہ تک کمی

شب و افزونی دن ہاں گھڑی گھڑی پائی جاتی ہے ایک ساعت ہوتی ہے شب و روز چوبیس ۲۴ ساعت کے مقرر ہے چنانچہ بیان بالا ہو گیا بخور

زحل کا عود و راک ہے بخور مشتری عود و عنبر سپید و روشکر بخور مریخ عود و قرنفل بخور شمس عود و صندل آسک

زہرہ عود و صندل سفید و مشک و زعفران و شکر و پوست خشخاش بخور عطارد عود و کافور بخور قمر شہد اگر تعویذ

محبت کا لکھ کر شیرینی بیچ دہن کے رکھے عود و عنبر و کافور و صندل و شہد کو جلاوے واسطے عداوت کے اور تلخی بیچ دہن کے

رکھے اور بوقت بان بندہ کے سوم کو بیچ دہن کے رکھے جس کسی کے ستارہ نحس ہوں اور رنج ہو نحس ہو کہ بالا مذکور

ہو چکا ہے مفلس بیمار رہتا ہو رعایت ستاریکی کرے ادویہ کو کوفتہ و بیختہ کر کے بخور ستارہ کی نحس ستارہ مبدل بسعد

سعد کے ہو گا یہ طریقہ اہل ہند کا ہے اور واسطے دفع نحوست اختران کے صدقہ بھی ضرور ہے زحل کا یعنی شنبہ کو مش و ماش و لنجہ و جامہ

سیاہ رنگ و روغن سیاہ ہمچنین جوشی سیاہ جواہرات ہو اور یکشنبہ کہ تعلق شمس سے ہے جامہ سرخ و ہم خیرات دو شنبہ تعلق

قمر سے ہے خیرات و ہم شیر و شکر و برنج پختہ و بروز سہ شنبہ کہ تعلق مریخ سے ہے گندم بریان و قند سیاہ نزد بعضے چہار شنبہ

کہ تعلق عطارد سے ہے مونگ و مولی و غلہ سات ناج اور جامہ سرخ پنجشنبہ کہ تعلق مشتری سے ہے جامہ زرد و ہمہ اشیاء زرد

جمعہ کہ تعلق زہرہ سے ہے شیر و شکر و برنج پختہ و گل سفید و ہم نقرہ وغیرہ اور تصدق راہ وکیت بھی ہے

جس برج میں واقع ہوں اس دن بھی زندہ معہ دال نخود دریا میں ڈالے اور بقول برہمنان بروز چہار شنبہ

ہر چند زائچہ مبارک میمنت آمود جناب فیض مآب ملکہ معظمہ دام اقبالہا و ولیعہد بہادر دام اقبالہ کا

مدرج ہونا لوح کتاب اسرار الحسنیہ میں چاہیے تھا کہ باعث زینت مرتب کتاب کا ہوتا لیکن فہم مبتدی بدون تحصیل علم نجوم کے سمجھنے طالع موصوفین سے عاجز و عاری ہوتے لہٰذا زائچہ ممدوحین کو اوپر خاتمہ کتاب کے اندراج کیا کہ مبتدی بعد تحصیل علم نجوم کے ملاحظہ کریں تو اپنی مراد کو بخوبی پہنچیں حقیر نے لاچار ہو کے بموجب کتب تواریخ جو کہ صاحبان عالیشان نے بیچ تواریخ کے یوم پیدائش کا تحریر فرمایا ہے یعنی ۲۴ تاریخ ماہ مئی ۱۸۱۹ء یوم دوشنبہ چار بجے پر چار دقیقہ اور چوبیس ۲۴ کے بعد اول وقت دن کو تولد ہوا ہے

جدی
قوس
حوت زحل ۲۶ ۲۸
دلو
مشتری ۱۶ و ۵۷
حمل
آفتاب ۲۶ و ۵
زہرہ ۲۶ و ۴۳
عقرب
ہرشل ۲۳ و ۲
ثور
قمر ۳ درجہ و ۳۳
مریخ و عطارد ۱۷ و ۳ و ۱۹ و ۱۲
میزان
اسد
جوزا
سنبلہ
سرطان

شاہزادہ ویلز ولیعہد بہادر ۹ نومبر ۱۸۴۱ء دس بجے اڑتالیس منٹ دن کو

میزان زہرہ ۱۶ و ۱۳
سنبلہ قمر ۳۶ و ۲۶
قوس مشتری ۲۱ و ۲۷
جدی
عقرب
آفتاب ۱۶ و ۵۴
عطارد و بکری ۸ درجہ و ۴
زحل مریخ ۱۰ دقیقہ ۱۵ و ۳۴
اسد
دلو
سرطان
ثور
حوت ہرشل ۲۰ و ۳۵
حمل
جوزا

بخدمت جمیع صاحبان مطابع و تاجران و شائقین کے التماس ہے کہ یہ نسخہ اسرار الحسنیہ بہ اجازت جناب مصنف دقیقہ شناس بے نظیر منشی خط تقدیر اشرف اسرار سید حسن صاحب عرف علی حسن مختار خاص و عام جناب معلی القاب صاحب عالم مرزا محمد مصطفےٰ علی حیدر بہادر مطبع نوار محمدی میں چھاپا گیا کوئی صاحب بدون اجازت قصد طبع نہ فرمائیں اور جس قدر نسخے مطلوب ہوں